اخبار و آثار

الشریعہ اکادمی کی سرگرمیاں

☆ 12 اکتوبر بروز اتوار بعد نمازِ مغرب ''تحریک انسدادِ سود'' کے مرکزی راہنما اور تنظیم اسلامی پاکستان کے امیر جناب حافظ عاکف سعید نے ''سودی نظام کے خلاف جدوجہد کی موجودہ صورتحال'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔

☆ 13 اکتوبر کو اکادمی کے زیر انتظام مدرسۃ الشریعہ میں عید الاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد دوبارہ تعلیم کا آغاز ہوا۔

☆18 اکتوبر 2014ء کو اکادمی کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد شیرانوالا باغ، گوجرانوالہ میں دینی مدارس کے طلباء کے لیے چالیس روزہ ''عربی بول چال کورس'' کا آغاز ہوا۔

☆19 اکتوبر کو جامع مسجد احمد، رتہ روڈ میں سکول و کالج کے طلباء کے لیے ''عربی بول چال کورس'' شروع ہوا جس کی کلاس ہفتے میں صرف دو دن، جمعہ اور اتوار کو ہوا کرے گی۔

☆20 اکتوبر کو مولانا زاہد الراشدی صاحب نے اس سال کی تیسری پندرہ روزہ فکری نشست میں ''قادیانی مسئلہ اور اس کی تحریک'' کے عنوان پر لیکچر دیا۔

☆ 23 اکتوبر کو ادارہ رحیمیہ لاہور کے سربراہ مولانا مفتی عبد الخالق آزاد الشریعہ اکادمی میں تشریف لائے اور اساتذہ و طلبہ سے گفتگو کی۔

ماہنامہ الشریعہ کی اشاعت خاص

بعنوان: ''افاداتِ امام اہل سنت''

بعض انتظامی وجوہ سے مقررہ وقت پر منظر عام پر نہیں آ سکی۔

ان شاء اللہ نومبر ۲۰۱۴ء کے آخر تک قارئین کو دستیاب ہو گی۔

ساڑھے سات سو صفحات۔ قیمت: ۴۰۰ روپے (علاوہ ڈاک خرچ)